ڈی نکس کا تیار کردہ ڈرامہ

اداکاران:-
نرگس، بلراج ساہنی،
رادھا کشن -
وزیر وغیرہ وغیرہ

قیمت ایک آنہ

ایکٹروں کے چتر منگانے کیلئے ۸ کے ٹکٹ بھیجکر
سینما سمبندھی ہر قسم کی کتابیں و فوٹو ملنے کا صرف ایک پتہ
شری نارائن پستکالیہ لال کٹرہ لاہوری گیٹ دہلی

([illegible] پریس دہلی)

سٹوری

لاجونتی سی لاج بھری پتنی، سمجھدار کمانیوالے پتی اور
پھول سا ننھا بچہ، یہی چیزیں ایک گھر کو سورگ بناتی
ہیں! بیرسٹر نرمل کمار کے گھر میں یہی سب چیزیں تھیں لیکن اُنکی پتنی
کو پتا اِس سورگ میں بھی کبھی دُکھی تھی۔ آگے پردۂ فلم پر دیکھئے۔ . .

لاجونتی کے گانے

کوئی آیا دھڑکن کہتی ہے
دھیرے پلکوں کی یہ گرتی اُٹھتی چلمن کہتی ہے
ہونے لگیں کسی آہٹ کی گلی کا ریاں
پروانہ بن کے اُڑ بیٹھا دل کی چنگاریاں
جھوم گیا جھلانا دیا ۔ کوئی آیا . . . .

چاند ہنسا لیکے درپن میرے سامنے
مجھے لگے میں لٹا اُلجھی لگی تھامنے
چھیڑ گئی مجھے چنچل ہوا ۔ کوئی . . .
راہ ہی تکے بیٹھی بیٹھی سی اُلجھن لئے
کھو ہی گئی میں تو شرمائی چتون لئے
گر گئے بدن سے پسینہ بہا ۔ کوئی . . .

نمبر ۲ :- گا میرے من گا، تو گا میرے من گا

دھڑکن کی بینا پہ گیت ملن کے ۔ گا میرے دل . . . .
پھر مل گئیں آنکھیں پھر مل گئیں سانسیں
پھر ہُکی ہوا، کبھی بن مدھوشالا، کبھی بن جا پیالہ، کبھی بن جا گھٹا تو پریم رس برسے گا . .
مجھے جس کا سہارا، تجھے اس نے پکارا ۔ تیرے لیے ذرا سن جھک جھک گئے نیناں
رُک رُک گئی دنیا، پھر سے جا بھی دھن تو اور جھومے جا ۔ گا . . .
گن یہی ہے دیوانے کوئی جانے یا نہ جانے ۔ تجھے دنیا سے کیا
ہے بہت یہ اشارہ کہ سننے ہے تیرا پیارا
تیرے گیتوں کو سب تو ساز اٹھا لہرا ۔ گا . . . .

نمبر ۳

پیا ہوں ۔ پیا ہوں
آجا چھا سے کالے بدرا، چھم چھم برسے نیناں کجرا
من کے میرے موہ پیا سے پکاروں ۔ تجھے موتی بن کے میں
من کے میرے موہ پیارے، ذرا دیکھو کیسے جلوں تن کے میں
ہو ہے پاگل بنائیں یہ ہوائیں، یہ گھٹائیں لائے پیا، پیا ہوں . . .
کیسے رہوں میں اکیلی چھلکتی بوندوں میں تیری کامنی
کیسے رہوں میں اکیلی ڈرائے بدروا چمکے دامنی
ہے تن کو جلائیں، یہ ہوائیں، یہ گھٹائیں لائے پیا ۔ پیا ہوں . . .
ایسا لگے ہے کہ جیسے پیا چھپ کے تو یادوں میں چلے

ایسا لگے ہے کہ جیسے یہ تتلیاں لگاتے ہیں تجھ کو گلے
دیکھو جادو چلا ہیں یہ ہوا ہیں یہ گھٹائیں لے بہا۔ یا ہوں . . .

نمبر ۴

چندا رے چندا چھپے رہنا سوئے میری مینا لیکے میری نندیا رے
پھول چمیلی دھیرے مہکو جھونکا نہ لگ جائے۔ نازک ڈالی کجرا والی سپنے میں مسکائے
ہاتھ کہیں ہے پاؤں کہیں ہے لاگے پیاری پیاری
ممتا گائے پون جھلائے جھولے راجکماری ... لے میری نندیا . .
بھور بھئی جب چڑیاں گائیں بھنورا گئی کئی بولے
ننھی گڑیا میری چڑیا پل پھر انکھیاں کھولے۔ لیکے میری نندیا

نمبر ۵

چندا رے چندا رے چھپے رہنا سوئے میری مینا لیکے میری نندیا رے
چاند بتائے ماں کی ممتا جینا کیسے پائے
سندر مکھڑا دل کا ٹکڑا دور ہے تجھ سے ہائے۔ لیکے میری . .
چندا رے چندا رے . . . . لیکے میری نندیا رے . . .

نمبر ۶

کچھ دن پہلے ایک تال میں کمل کنج کے
اندر رہتا تھا ایک ہنس کا جوڑا۔
دونوں روز سویرے ہوتے ہی جب کھل جاتے کمل

دور دور ہوتی چھکنے کو ہنس گھر سے جاتا نکل
سنہ صبا ہو لئے گھر کو آتا جھوم جھوم کے - کچھ . . .
جب جب جب چھپ جاتا تھا دن تارے جاگتے تھے کھل
سو جاتے ہم کے دونوں جیسے ہر دل کے دل
چندا ہنستا دونوں کے مکھ چوم چوم کے
تبھی آئی ایک ننھی سی بیٹی چھوٹی سی ہنستی
دونوں کے نینوں کی وہ جیتی گھر کی روشنی
گنگناتی اور مسکاتی جھوم جھوم کے
پھر ایک دن ایسا طوفان آیا چلی ہوا . . .
بیچاری ہنسا آ رکی رہے ہم کے سب سے جدا
ساگر سا گر رہتی ہے اب بھی گھوم کے

نمبر ۷

گا میرے من گا، تو گا میرے من گا
یوں ہی بیتائے جا دن زندگی کے
تیری لوٹی ہوئی دنیا ہے تجھکو ہے جینا جیون کو سہنا
چاہے جو بھر آئے چاہے دکھ برسائے تیرے نینوں کی گھٹا
تو نہ من چھلکا - گا میرے من . . .
یہ اپنی دنیا کے میلے تجھے بچھڑ نا گئے سہہ کے ستم

نفرت کا دیوانہ، نہیں سمجھا زمانہ تیرا دکھ تیرا غم
کیا کھلیں اور مسکا۔گا.....
ہر سو ہے اندھیرا یہاں کون ہے تیرا، جو میں کہوں ذرا سُن
تیری کھو گئی پائل میرے گیت ہیں گھائل، زخمی ہے میری دُھن
پھر بھی تو جھومے جا۔گا.....

نمبر ۸

رینو۔ چندا ماما میرے دوار آنا، آنا رے، آنا رے
لیکے کرنوں کے ہار آنا، آنا رے آنا رے۔ آنا رے
تم گگن کے ہو پیارے، ماماجی ماماجی ماماجی
ہم دھرتی کے تارے ماماجی۔ ماماجی۔ ماماجی
آؤ چندا آنا کھیلیں ہم
آؤ کھیلیں ایک بار کھیلیں ہم۔ آنا آنا
چندا:۔ یہ لو بچو آن ملے ہم، پھول سے جیسے ملتی ہے شبنم
ہم ہیں بچے تم ہو ہمارے کیسے نہ ملتے چاند ستارے
رینو: معاف کریں وعدہ کرنا، تم کو چاہیے نیچے اُترنا
چندا: میرے پیارے بچو تم نے یہ کیا پوچھا
جو تم سے جھک کر ملتا ہے وہ ہے سب سے اونچا
تم سے ہے دھرتی کا آنگن تاروں کی پھلواری

تم ہو تو لگتی ہے دھرتی البیلی پیاری
ہمکو اتنے پیار سے تم ہو اپنے پاس بلاتے
بولو ننھے منے بچو ہم کیسے نہ آتے

رنجو:- آہا پھول سے کھل گئے جی، آہا جی، آہا جی آہا
بچھڑے ہوئے مل گئے جو آہا جی آہا جی آہا کوئی گیت انوکھا گانا جی
ہم سب سے ملے ہیں ماماجی آنا آنا
ماماجی ایک بات بتانا۔ سچ سچ کہنا کچھ نہ چھپانا
ہم تو نہیں ننھے روز بلاتے روز تمہارے گیت ننھے گاتے
پہلے کبھی تو تم نہ آئے۔ آج ہمیں تم کیسے بھائے

جیرا:- اچھا اچھا بتلاتا ہوں بالکل سچی سچی
ہو دیکھو ننھوں کا پہلے دو اک بچی
سنا ہوگا تم نے بھی میرے بھولے بھالے
ہم پر ٹوٹ ڈالے بیٹھے ہیں کب سے دنیا والے
مجھکو انکو سے بیر نہیں ہے شوق سے آئے جائیں
ان سے کہنا جنگ سے نفرت اپنے ساتھ نہ لائیں
کھوٹ کپٹ جو رائی آنیوالوں سے لے لینا
ستھرا ستھرا انکو اپنا بھولپن دے دینا

رنجو:- ماماجی نزدیک تو آؤ یہ بڑھیا ہے کون بتاؤ

ٹک ٹک مجھکو تاک رہی ہیں، بیٹھی چرخہ کات رہی ہیں

چندا:۔ تاتا یوں پیارو، یہ تو میری ماں ہے پیاری

رینو:۔ میری ماں ماتا پیاری رہتی ہے اب دلیش تمہارے

اُسکو میرے پاس بُلا دو، اُس سے مجھے ایک بار مِلا دو

چاند:۔ ہاں ہاں مُنّی دور نہیں اب تجھ سے تیری ماتا

تجھ پر تو اُسکی ممتا کا سایہ ہے لہراتا

ایک تو ہی کیا مجھکو بھی اب ہو گی نہ مجبوری

بچّہ۔ ماتا، ماتا سبکی مِٹ جائیگی دوری

ہمیں بدلنی کی ہے دیری ہم سب مِل جائیں گے

اچھا بچّے دیر ہوئی چلتے ہیں پھر آئیں گے۔ چلتے ہیں پھر...

آتا ہے، آتا ہے آتا ہے چندا ماما میرے دولہے آتا ہے

لیکے کرنوں کے ہار آتا

(ختم شد)

کٹائی سلائی درشن اُس کتاب کے اندر زمانہ حال کے تمام نئے ڈیزائن کے کپڑوں کو کاٹنا اور سینا بڑے آسان ڈھنگ سے سمجھایا گیا ہے جسکی مدد سے ایک معمولی پڑھا آدمی بھی مکمل ٹیلرنگ کا کام سیکھ کر دس بیس روپے روز کما سکتا ہے ۔ قیمت معہ محصولڈاک

شری نارائن پُستکالیہ لال کٹرہ لاہوری گیٹ دھلی